# کامیاب طالب علم کے 350 اعمال واوصاف

حضرت مولانا محمد نعمان صاحب
استاذ الحدیث جامعہ انوار العلوم مہران ٹاؤن کورنگی کراچی

1. اخلاص
2. مسنون اعمال کا اہتمام کریں
3. ہر اچھے کام کا آغاز ”بسم اللہ الرحمن الرحیم“ سے کریں
4. کل کروں گا، پرسوں کروں گا اِن کلمات کو چھوڑ دیں
5. منفی سوچ سے بچیں
6. اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں
7. اپنے کمزوریوں کے اسباب اور وجوہات تلاش کریں

8. اللہ پر بھروسہ کریں
9. علم کی اہمیت کا ادراک کریں
10. ناکامی کو نہ سوچیں
11. اپنے اہداف اور منصوبوں کو حل کرنے میں لگے رہیں
12. برے ساتھیوں سے اور دوستوں سے گریز کریں
13. سستی سے بچیں
14. یکسوئی کو اپنائیں

15. درس میں ناغہ نہ کریں
16. ہر سبق استاذ سے پڑھیں
17. جو بات سمجھ میں نہ آئے وہ پوچھیں
18. صفائی ستھرائی کا اہتمام کریں
19. اپنی جسمانی اور دماغی صحت کا خیال رکھیں
20. زیادہ کھانے سے گریز کریں
21. ناشتہ ضرور کریں

22 جلدی سونے کا اہتمام کریں

23 زیادہ سونے سے گریز کریں

24 مناسب روشنی میں مطالعہ کریں

25 نظام الاوقات بنائیں

26 اپنا کوئی لمحہ ضائع نہ کریں

27 مطالعہ اور سبق دہرانے کے لئے مناسب جگہ کا انتظام کریں

28 تھکاوٹ کے وقت مطالعہ نہ کریں

29 سبق خوب توجہ سے سنیں
30 سبق کا خلاصہ محفوظ کریں
31 حواشی اور اہم نکات کو ہائی لائٹ کریں
32 متوقع سوالات بنا کر حل کریں
33 مطالعہ خاموشی سے کریں
34 تعریفات، قواعد اور امثلہ زبانی یاد کریں
35 کثرتِ اختلاط سے بچیں

36 سادہ موبائل استعمال کریں

37 لایعنی گفتگو سے بچیں

38 بال اور دانتوں کی صفائی کا اہتمام کریں

39 آج کا کام کل پر مت چھوڑیں

40 گزشتہ سبق کو دہرانے کی عادت بنائیں

41 ہر نئے سبق کا پہلے سے مطالعہ کریں

42 استاذ کے ساتھ اُن کی گفتگو میں شریک رہیں

43 درس کے دوران استاذ محترم کی طرف مکمل توجہ کریں

44 استاذِ محترم کے خاص جملوں اور تعبیرات پر توجہ دیں

45 سبق کو سمجھ کر یاد کریں

46 اپنے آپ کو سبق سنانے کا اہتمام کریں

47 خط کی درستگی پر خوب توجہ دیں

48 اپنے آپ پر بھروسہ رکھیں

49 فجر کی نماز کے بعد سونے سے گریز کریں

50 گناہوں سے بچنے کا خوب اہتمام کریں

51 تلاوت کا اہتمام کریں

52 کلاس میں درس کے بعد سبق کو دہرائیں

53 رات دیر تک جاگنے سے گریز کریں

54 تکرار کرانے کا اہتمام کریں

55 امتحان کی تیاری جلد شروع کریں

56 اردو بولنے اور اردو لکھنے میں مہارت حاصل کریں

57 عربی اور اردو زبان صحیح فصیح اور ادبی بولیں

58 علم کو ادب کے ساتھ حاصل کریں

59 اساتذہ کا ادب اور احترام کریں

60 اساتذہ کرام کے عیوب تلاش نہ کریں

61 کتابوں کا ادب اور احترام کریں

62 ساتھیوں کا مذاق نہ اڑائیں

63 غریب ساتھیوں کے ساتھ تعاون کریں

64 جو پڑھیں اس پر عمل کریں

65 مقصد اور ضرورت میں مقصد کو ترجیح دیں

66 حفظ حدیث کا معمول بنائیں

67 اسلاف کی زندگی کا مطالعہ کریں

68 درود شریف پڑھنے کا اہتمام کریں

69 قرآن کریم حفظ کریں

70 ہر ایک سے حسن اخلاق سے پیش آئیں

71 عاجزی اختیار کریں

72 باوضو رہنے کا اہتمام کریں

73 علو ہمت اختیار کریں

74 قرآن کریم کو تجوید اور ترتیل کے ساتھ پڑھیں

75 صرف نحو میں پختگی حاصل کریں

76 والدین کی فرمانبرداری کریں

77 اللہ رب العزت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا تذکرہ ادب سے کریں

78 فقہاءِ کرام، ائمہ محدثین اور علماء کا ادب واحترام کریں

79 ایثار کو اپنائیں

80 قدرت کے باوجود معاف کریں

81 ہر ایک سے خندہ پیشانی سے لیں

82 اساتذہ اور والدین کے سامنے کبھی اپنی غلطی پر تاویلات نہ کریں

83 اپنی غلطی کا اقرار کریں اور معذرت کریں

84 فرقِ باطلہ کی کتب اور اُن کی مجالس سے بچیں

85 محققین علماء کی صحبت اور مجالس اختیار کریں

86 اساتذہ کرام میں کسی ایک کا انتخاب کر کے ان کے مشورے سے چلیں

87 اساتذہ اور شیوخ کا نام ادب سے لیں

88 غیبت سے بچیں

89 سلام میں پہل کریں

90 استاذ سے سوال ادب سے کریں

91 قطع کلامی سے بچیں

92 سفید لباس پہننے کا اہتمام کریں

93 زیادہ ہنسی مذاق سے بچیں

94 کسی ایک فن میں اختصاص حاصل کریں

95 اصلاحی مجالس، بیاناتِ جمعہ اور دروس میں شرکت کرتے رہیں

96 اللہ رب العزت سے خوب دعاؤں کا اہتمام کریں

97 مسنون دعاؤں کا اہتمام کریں

98 قیلولہ کا اہتمام کریں

99 اسلافِ امت اور اکابر کی زندگی سے واقف رہیں

100 صبح سویرے جلد اٹھنے کا اہتمام کریں

101 مسلسل رات دن ایک کر کے محنت کریں

102 بازاروں میں بلا ضرورت نہ جائیں

103 پڑھنے کے ساتھ اپنے آپ کو لکھنے کا بھی عادی بنائیں

104 نحو، صرف، فقہ، اصول فقہ پر ابتدائی درجات کے طلبہ خاص توجہ دیں اور فقہ، حدیث اور تفسیر پر منتہی طلبہ توجہ دیں

105 علمی گفتگو کو رجحان دیں

106 جھوٹ بولنے سے مکمل پرہیز کریں

107 بات بات پر قسم کھانے سے بچیں

108 حدیث کو بیان کرنے سے پہلے تحقیق کر لیں

109 مسئلہ بتانے میں جلدی نہ کریں

110 حسن اخلاق کو اختیار کریں

111 تواضع اور عاجزی اپنے اندر پیدا کریں

112 لغو اور لایعنی باتوں اور امور سے اجتناب کریں

113 کھیل کود اور سیر و تفریح کو مشغلہ نہ بنائیں

114 تحصیل علم کے لیے ہر قربانی کا جذبہ رکھیں

115 گمنام رہ کر علم دین حاصل کریں

116 دائیں ہاتھ سے کتابیں اور بائیں ہاتھ میں جوتے اٹھائیں

117 کچھ رقم بچا کر کتابیں خریدنے کا اہتمام کریں

118 سادگی میں رہ کر علم دین حاصل کریں

119 سنت کے مطابق وضو کریں

120 وضو کے بعد کی مسنون دعاؤں کا اہتمام کریں

121 مسجد میں سنت کے مطابق داخل اور خارج ہوں

122 مسجد میں اعتکاف کی نیت سے تکرار و مطالعہ کریں

123 مدرسے سے نکلتے ہوئے دعاؤں کا اہتمام کریں

124 ہر دن منزل پڑھنے کا اہتمام کریں

125 کتاب کو خود حل کرنے کی کوشش کریں

126 سیاسی گفتگو اور معاشی حالات کو مشغلہ نہ بنائیں

127 اخبارات کے مطالعہ سے گریز کریں

128 مدرسے کی اشیاء کا خیال کریں

129 اذان سے پہلے مسجد آنے کی کوشش کریں

130 اذان کے دوران خاموش رہ کر سنیں اور جواب دیں

131 اذان کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وسیلہ کی دعا کریں

132 عصر کے بعد کھیلنے یا چہل قدمی کرنے کا اہتمام کریں

133 عوام الناس سے مستغنی ہو کر علم دین حاصل کریں

134 بیمار ساتھیوں اور اساتذہ کی عیادت کریں

135 بیت الخلاء میں مسنون دعاؤں کے ساتھ سنت کے مطابق داخل اور خارج ہوں

136 ہر مہینے تین روزے رکھنے کا اہتمام کریں

137 جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا اہتمام کریں

138 پہلی صف میں نماز پڑھنے کا اہتمام کریں

139 استاذ کی موجودگی میں درسگاہ میں خاموش رہیں

140 جس سے سوال کیا جائے وہ ہی جواب دے

141 جمائی کے وقت منہ پہ ہاتھ رکھیں

142 فوت شدہ اساتذہ کے لیے ایصال ثواب کریں

413 درسگاہ میں عبارت سنانے میں پہل کریں

144 سبق کے دروان درمیان میں سوال واشکال نہ کریں

145 معاشرے میں رائج اصطلاحات اور محاورات کو سیکھیں

146 دوران گفتگو اپنی بات شروع نہ کریں

147 نظر کی حفاظت کریں

148 تکبر سے بچیں

149 چغل خوری سے بچیں

150 تصویر اور سلفیاں بنانے سے گریز کریں

151 ساتھیوں کے عیوب تلاش نہ کریں

152 مطالعہ سے پہلے دعاؤں کا اہتمام کریں

153 دائیں طرف ہو کر نظریں جھکا کر چلیں

154. اپنی اشیاء کی خود حفاظت کریں
155. چھٹی کے ایام میں اپنے اعزاء واقارب سے ملیں
156. معاونین کے لیے دعاؤں کا اہتمام کریں
157. بلاضرورت گفتگو نہ کریں
158. کتابوں کو مراتب کے لحاظ سے رکھیں
159. دوسرے کی چیز بغیر اجازت کے استعمال نہ کریں
160. دعائیہ جملوں کی عادت بنائیں

161 سیڑھیوں پر چڑتے ہوئے "اللہ اکبر" اور اترتے ہوئے "سبحان اللہ" کہیں

162 بال کٹوانے میں غیروں کی مشابہت سے گریز کریں

163 مستحب طریقہ پر ہاتھ پاؤں کے ناخن کاٹیں

164 عبادت اور محنت میں اپنے سے اوپر والے پر نظر رکھیں

165 مجلس یا سبق کے اختتام پر مسنون دعا پڑھیں

166 نقل اتارنے سے گریز کریں

167 ہر سنی سنائی بات کو آگے نہ پھلائیں

168 ساتھیوں کی دل آزاری نہ کریں

169 آپس میں قطع تعلقی سے بچیں

170 ساتھیوں سے جو تکلیف پہنچیں اس پر صبر کریں

171 جھگڑا کرنے سے بچیں

172 ساتھیوں کا نام پورا لیں

173 ریاکاری سے بچیں

174 بدگمانی سے بچیں

175 تہجد پڑھنے کا اہتمام کریں

176 بجلی کے استعمال میں احتیاط کریں

177 سالانہ چھٹیوں میں ابتدائی اساتذہ سے ملنے کی کوشش کریں

178 کسی اللہ والے سے اصلاحی تعلق قائم رکھیں

179 فضول خرچی سے اجتناب کریں

180 فرض نماز کے بعد مسنون تسبیحات کا اہتمام کریں

181 فقہی قواعد اور عربی اَمثلہ زبانی یاد رکھنے کی کوشش کریں

182 روزانہ صدقہ دینے کا اہتمام کریں

183 اساتذہ اور والدین کی ناراضگی سے بچیں

184 اساتذہ اور والدین سے دعاؤں کی درخواست کریں

185 مسنون طریقے پر کھانا کھائیں

186 امتحانی پرچہ اطمینان اور صفائی سے لکھیں

187 باوضو رہنے کی کوشش کریں

188 عربی ادب پر عبور حاصل کریں

189 حصولِ علم کے دوران استفادے میں عار محسوس نہ کریں

190 دعوت و تبلیغ کے ساتھ منسلک رہیں

191 بیت الخلاء کی دیواروں پر لکھنے سے احتراز کریں

192 دورانِ طالب علمی کسی تحریک یا جماعت سے وابستگی نہ رکھیں

193 ٹھنڈا اور گرم پانی احتیاط سے استعمال کریں

194 چلتے پھرتے وقت شرعی آداب کی رعایت رکھیں

195 چھینک کے وقت نبوی آداب کی رعایت رکھیں

196 گفتگو کرتے وقت شرعی آداب کا لحاظ رکھیں

197 دوسروں کی جگہوں پر نہ بیٹھیں

198 فرض کے بعد نوافل کا اہتمام کریں

199 عمل کا خوب اہتمام کریں

200 غیر حافظ حفظ قرآن کی ترتیب بنائیں

201 گناہوں سے بچیں

202 مسجد کے آداب کا لحاظ رکھیں

203 ساتھیوں کی خدمت کریں

204 کسی ساتھی کو حقیر نہ سمجھیں

205 صابر اور شاکر بنیں

206 دوران طالب علمی فقر و فاقہ، تنگدستی اور حالات پر صبر کریں

207 حصول علم کے لیے مال دولت خرچ کریں

208 حصول علم کے لیے شب بیداری اختیار کریں

209 خدمت خلق کا جذبہ رکھیں

210 ازار ٹخنوں سے اوپر رکھیں

211 یومیہ کی بنیاد پر قرآن کریم کی تلاوت کا اہتمام کریں

212 کتمان علم سے بچیں

213 علم کی جستجو میں لگے رہیں

214 غیر ضروری ملاقاتوں سے احتراز کریں

215 علمی مشاغل اور انہماک رکھیں

216 پینے اور وضو میں پانی ضائع نہ کریں

217 روزانہ کی ترتیب پر گزشتہ اسباق دورانے کا اہتمام کریں

218 اپنی کمرے کی صفائی کا خیال رکھیں

219 غسل خانے اور وضو خانوں کی صفائی کا خیال رکھیں

220 نشہ آور چیزوں کے استعمال سے گریز کریں

221 صف کو درمیان سے شروع کرنے کا اہتمام کریں

222 مسنون دعائیں یاد کرنے کا اہتمام کریں

223 اربعین یاد کرنے کا اہتمام کریں

224 بازار میں چوتھا کلمہ پڑھنے کا اہتمام کریں

225 ""صلی اللہ علیہ وسلم"" کی جگہ ""ص"" اور ""رضی اللہ عنہ"" کی جگہ ""رض"" لکھنے سے گریز کریں

226 کھانے کو ضائع نہ کریں

227 مدرسے کے عملہ سے ادب سے پیش آئیں

228 مدرسے کے سب اساتذہ کا ادب واحترام کریں

229 ہدیہ دینے کا اہتمام کریں

230 عربی مقالات لکھنے کی کوشش کریں

231 استفادے کے لیے اکابر علماء کے پاس جانے کا اہتمام کریں

232 سالانہ چھٹیوں میں خارجی مطالعہ کا اہتمام کریں

233 عربی شروحات کو مطالعہ میں رکھیں

234 جمعہ کے روز گزشتہ اسباق دورانے کا اہتمام کریں

235 ہر عالم کی دل میں محبت رکھیں

236 تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنے گھر والوں کی اصلاح کے بارے میں فکر مند رہیں

237 ڈائری اور قلم ہر وقت ساتھ رکھیں

238 سست اور لاپرواہ دوست بنانے سے گریز کریں

239 حضرات مصنفین اور محدثین کی حالات زندگی سے واقف رہیں

240 تحقیقی ذہن بنائیں

241 تدبر قرآن کا اہتمام کریں

242 چلتے پھرتے ذکر کا اہتمام کریں

243 تمام فنون کی اصطلاحات سے واقف رہیں

244 فارغ اوقات اور چھٹیوں میں چوک چوراہوں میں بیٹھنے سے گریز کریں

245 تجوید سے قرآن کریم پڑھنے کا اہتمام کریں

246 مسنون طریقے پر پانی پینے کا اہتمام کریں

247 جمعہ کے دن غسل کا اہتمام کریں

248 تصنیف اور تالیف کا شوق رکھیں

249 سوتے وقت اپنے پورے دن کا محاسبہ کریں

250 فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے کا اہتمام کریں

251 خوشبو کے استعمال کا اہتمام کریں

252 اپنے مطالعہ کو وسیع کریں

253 ہمہ وقت کسی علمی یا فقہی مسئلہ میں غور فکر کریں

254 اپنی زندگی میں سچائی کو اختیار کریں

255 جمعہ کی نماز کے لیے سب سے پہلے مسجد جانے کا اہتمام کریں

256 اہم امور میں کسی ایک استاذ کے ساتھ مشاورت میں رہیں

257 اشراق اور اوابین پڑھنے کا اہتمام کریں

258 جمعہ کے روز صلوۃ التسبیح پڑھنے کا اہتمام کریں

259 رہائشی رہ کر علم دین حاصل کریں

260 اپنی زبان اور ہاتھ سے کسی کو تکلیف نہ پہنچائیں

261 عمامہ باندھنے کا اہتمام کریں

262 فجر اور عصر کے بعد کچھ دیر ذکر کا اہتمام کریں

263 مضمون نویسی اور کالم نگاری پر محنت کریں

264 اردو کے رموز واوقاف سے واقف رہیں

265 سونے سے پہلے سورہ ملک پڑھنے کا اہتمام کریں

266 اہم امور میں استخارہ کرنے کا اہتمام کریں

267 عربی بول چال کا اہتمام کریں

268 اپنی جگہ اور کلاس کی صفائی کا خیال رکھیں

269 نیکی کے کاموں میں ایک دوسرے کی رہنمائی کریں

270 کسی پر احسان نہ جتلائیں

271 اپنے ساتھیوں سے خندہ پیشانی سے ملیں

272 صلوۃ التوبہ کا اہتمام کریں

273 جمعہ کے روز سورہ کہف پڑھنے کا اہتمام کریں

274 توبہ واستغفار کا معمول بنائیں

275 مصیبت کے وقت "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ راجِعُوْنَ" پڑھیں

276 اپنی ساتھیوں کے ساتھ خفیہ تعاون کرتے رہیں

277 تہجد کی نیت کرکے سوئیں

278 والدین اور اساتذہ سے دعائیں لینے کی بھرپور کوشش کریں

279 اپنی نگاہوں میں اپنے آپ کو کمزور اور کم علم سمجھیں

280 کلمات شکر کا اہتمام کریں

281 شوال کے چھ روزوں کا اہتمام کریں

282 تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد کی دو رکعت نماز پڑھنے کا اہتمام کریں

283 ”سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ“ روزانہ سو مرتبہ پڑھیں

284 صبح و شام ”رَضِيتُ بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا“ پڑھنے کا اہتمام کریں

285 صبح و شام سات مرتبہ ”اللَّهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ“ پڑھنے کا اہتمام کریں

286 باوضو سونے کا اہتمام کریں

287 حصول علم میں نیک صالح اور معاون دوست کا انتخاب کریں

288 ہم عمر اور ہم درس ساتھیوں سے میل جول رکھیں

289 وقت کی قدر کریں

290 ٹیک لگا کر مطالعہ نہ کریں

291 اساتذہ کرام کا مزاج سمجھنے کی کوشش کریں

292 ائمہ اربعہ اور اسلاف کی زندگی سے واقف رہیں

293 مستقل قرآنِ کریم دہرانے کا اہتمام کریں

294 بڑوں سے بات چیت کے وقت آداب کا لحاظ رکھیں

295 استاذ محترم کی نشست گاہ کی صفائی اور ادب کا لحاظ رکھیں

296 استاذ محترم کے سامان اور کتابوں کو بغیر اجازت استعمال نہ کریں

297 سوتے وقت آداب اور دعاؤں کا اہتمام کریں

298 اسلاف کے ملفوظات اور نصائح مطالعہ میں رکھیں

299 حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر جامع کتاب کا مطالعہ کریں

300 کبھی کبھی استاذ کو ہدیہ دینے کا اہتمام کریں

301 استاذ سے کوئی چیز لیتے اور دیتے وقت آداب کا لحاظ رکھیں

302 مدرسہ کے قوانین اور ضوابط پر عمل کریں

303 ایک ہی مدرسے میں رہ کر علم دین حاصل کریں

304 اساتذہ کرام سے خط و کتابت یا موبائل کے ذریعے رابطے میں رہیں

305 گھریلو مسائل اور دنیاوی تفکرات سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کریں

306 آلات علم کا ادب کریں

307 تکرار میں کم فہم ساتھیوں پر خصوصی توجہ دیں

308 احادیث، اقوالِ ذریں، عمدہ نصائح، اور اشعار یاد کرنے کا اہتمام کریں

309 چھٹی کے ایام میں گھر کے کاموں میں والدین کے ساتھ ہاتھ بٹائیں

310 جس فن سے مناسبت ہو اس کی کتب خریدنے کا اہتمام کریں

311 اپنے اعذار اور ضروریات کم سے کم رکھیں

312 ایک اچھا واعظ اور مدرس بننے کی صلاحیت پیدا کریں

313 اپنے شوق، طلب اور محنت کا استاذ کے سامنے اظہار کریں

314 دورانِ سبق استاذ محترم کے جواہر پارے جمع کرنے کا اہتمام کریں

315 فکر آخرت، ذکر موت اور یاد الٰہی کو مشغلہ بنائیں

316 جو احادیث پڑھیں اس پر عمل کریں

317 بے ادبی سے بچیں

318 استاذ کی طرف سے سزا ملنے پر اس کی تشہیر نہ کریں

319 حصولِ علم کے لئے ذی استعداد اساتذہ کا انتخاب کریں

320 جس کام کو شروع کریں اس کو پورا کرنے کا اہتمام کریں

321 نماز میں داڑھی اور کپڑوں کے ساتھ کھیلنے سے گریز کریں

322 امتحان کے ایام میں محنت کے ساتھ ساتھ عبادت پر بھی توجہ دیں

323 تکرار میں بیٹھنے کے آداب کا لحاظ رکھیں

324 سیر و تفریح کی عادت نہ ڈالیں

325 اساتذہ کرام کے ساتھ حسن ظن رکھیں

326 درجہ اولی کے طلبہ کثرت سے صرف نحو کا اجراء کریں

427 تمام شرعی امور میں اساتذہ کی پیروی کریں

328 استاذ کے منع کرنے پر بلا اجازت سوال نہ کریں

329. استاذ کی طبیعت خراب ہونے پر تدریس پر امادہ نہ کریں
330. کھانے پینے میں حرام اور مشتبہ چیزوں سے بچیں
331. مسجد کی اشیاء درس گاہ میں نہ لائیں
332. درس گاہ کی اشیاء کو ذاتی کام کاج میں استعمال نہ کریں
333. درسی کسی کتاب کو بے فائدہ نہ سمجھیں
334. دوران تعلیم وقت، صحت اور فراغت کو غنیمت سمجھیں
335. اپنے استاذ کو کامل سمجھیں

336 دوران سبق مشکل اور غریب الفاظ کے معانی لکھنے کا اہتمام کریں

337 صحابہ کرام اور اسلاف امت کی سوانح کا مطالعہ کریں

338 ممتاز نمبرات کے حصول کے لیے خوب محنت کریں

339 سبق یاد کرنے میں مناسب اوقات کا اہتمام کریں

340 زہد و قناعت اختیار کریں

341 تکرار کے بعد خود سبق دہرانے کا اہتمام کریں

342 کچھ وقت تنہائی میں اللہ کو یاد کرنے کا اہتمام کریں

343 شفیق اساتذہ کی نرمی سے غلط فائدہ نہ اٹھائیں

344 سخت اساتذہ سے بدظن نہیں ہونا چاہیے

345 خوش طبعی میں جھوٹ بولنے اور دل آزاری سے بچیں

346 کھانے پینے میں کم سے کم وقت صرف کریں

347 کھانے کے بعد مسنون دعاؤں کا اہتمام کریں

348 زیادہ ہنسنے سے گریز کریں

349 دین پر استقامت کی دعا کرتے رہیں

350 حسن خاتمہ کی دعا کرتے رہیں